درج ذیل نقش سورج کے اندر باہر ہونے پر جلایا جائے حب کے لیے مجرب ہے۔



"برائے نظر جانور"

درج ذیل ناک سے لیکر دم تک اور پھر ہوانے پر سات مرتبہ پھیر کر گلے میں باندیں۔ جانور کی نظر ختم ہو جائے گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۵۴۷	۵۵۰	۵۵۳	۵۴۰
۵۵۲	۵۴۱	۵۴۶	۵۵۱
۵۴۲	۵۵۵	۵۴۸	۵۴۵
۵۴۹	۵۴۴	۵۴۳	۵۵۴

"برائے محمد بھیجیر (کنٹھ مالا) خنازیر"

انھم یکیدون کیدا واکید کیدا پا۔

کلام مذکورہ کو ہر گٹھلی پر تین دفعہ پڑھیں۔ اور کیل دم کر کے انجیر کی سفید لکڑی کی گانٹھ میں ٹھوک دیں۔ اسی طرح جتنی گٹھلیاں ہوں اسی طرح تین دفعہ دم کر کے کیل کو انجیر کی گانٹھ میں ٹھوکتے جائیں اور اس لکڑی کو مکان چھت کے اندر قائم کریں جوں جوں لکڑی سوکھے گی۔ بھیجریں

سوکھتی جایں گی اگر مریض کا ہاتھ دائیں جانب ہو تو عامل کو کیل کو لکڑی کے بائیں جانب ٹھوکنا چاہیے۔

''چور معلوم کرنا''

درج ذیل نقش سرہانے رکھ کر سو جائیں چور معلوم ہو جائے گا

.....ج ح ع ھ د ع

''برائے حب''

دس دن ایک ایک بتی بنا کر چنبیلی کے تیل میں جلائیں چراغ کی روشنی میں تصور رکھ کر پڑھیں۔ ۴۰ روز تک چاند کے پہلے منگل یعنی صبح سویرے کی ہوا ور رات منگل کی ہو روزانہ ۳۷۳ دفع پڑھیں۔

عجب یالونیلا یاسوکیلا یامیکائیلا یاانطیلا ھذا ورھنگ نرسانیل بجق یاھادی یاکریم یاستار یانور یایارحمن۔

محمد شبیر قادری

(۱) ا ھ م ک ا س ن

(۲) ن ا ح ا م س

(۳) ک ن ا ا ک ح

(۴) ج ک س ن ا م ا

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

"برائے دفع جنات"

جنات کو دفع کرنے کے لیے درج ذیل نقش:

یاجبرائیل علیہ ۷۸۶ یامیکائیل علیہ

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

یااسرافیل علیہ یاعزرائیل علیہ

۸ کی جانب سے ۲ کی جانب بتی بنا کر تیلے کپڑے میں لپیٹ کر کورے چراغ تل کا تیل ڈال کر جلا دیں۔

☆ اور درج ذیل نقش کو سرخ مرچوں پر تین بار پڑھ کر یا دھونی دیں جن ہرگز نہیں آئے گا۔

دھونی دیتے وقت درج ذیل کلمات قرانی ورد زبانی رکھیں۔

(۱) رب المشرق والمغرب لا الٰہ الا ھو

(۲) اللہ لقد ذلیل والصغار

(۳) یبتغون من فضل اللہ

(۴) واستغفر اللہ

۱۶۵۷۵	۱۶۵۷۸	۱۶۵۸۱	۱۶۵۷۸	سات بار
۱۶۵۸۰	۱۶۵۶۹	۱۶۵۷۲	۱۶۵۷۹	سات بار
۱۶۵۷۰	۱۶۵۸۲	۱۶۵۷۶	۱۶۵۷۳	سات بار
۱۶۵۷۷	۱۶۵۷۳	۱۶۵۷۱	۱۶۵۸۲	سات بار

۶۶۳۰۲ بجز کر

"کلام گردہ"

والتینا تقسم العداوت والبغضاء الی یوم القیمۃ لاتخلف المیعاد۔

سات مرتبہ پڑھ کر ہلدی کی گڈھی پر دم کریں اور پھر گڈھی میں دراڑ کر کے پھر تمباکو کی جگہ چلم پئیں۔ مکمل آرام آجائے گا۔

"درد ہوا کا دم"

اول و آخر بھی درود شریف کے ساتھ درج ذیل کلمات سات دفعہ پڑھیں اور تیل دم کر کے مریض کو دیں۔

۳۰۰ واہ جی آپ خدا

جادو انور پیر دا گیا سر نوا

گھیرا پیر استاد سی کل جگا

مدد ہے بیان بنام خدا

خدائی ہے خدا دی کہہ کر دم قبول

گھٹے بحق خدا محمد الرسول اللہ۔

"حب"

درج ذیل کلمات حب ۴۰ دفعہ چالیس روز تک متواتر بوقت زوال قبرستان میں بیٹھ کر پڑھیں محبوب آپ کی ہوگی۔

نار سنگھ گل جت کے چیلے

پانی پھول سدہا کیلے

پھل ہے پھل دے

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
عملیات بکس
محمد شبیر قادری

وے جے نار سنگھ بیروے جولوے پھل کی وا

اوہ آوے ہمارے پاس۔

"تحفہ نخل"

ہانگ دی بیٹھ۔تو نباپھٹے سماچھٹے۔خشک گوبر کی راکھ پر پڑھ کر مالش کرادیں اور سات دفعہ پڑھ کردم کریں۔

"گمشدہ چیز کی بازیابی کے لیے"

درج ذیل کلمات تین رات تک ۱۲ دفعہ پڑھنے سے چور اور مال کا پتہ لگ جاتا ہے۔

یا بُنَیّ انها ان تك مثقال حبة من خر دل فتكن فی حجرة او فی السموات اوفی الا رض یات بها الله ان الله لطیف خبیر

"برائے حب"

اول وآخر درود شریف سورۃ الشمس وضحیٰ کو جمعہ کی صبح کو دن چڑھنے سے پہلے کسی میٹھی چیز پر ۴۰ دفعہ پڑھیں۔اور پھر ۷۰ بار الحمد شریف پڑھ کر کھلا دیں۔

☆ انما امرہ سے لے کر کن فیکون تک بعد از نماز عشا دو رکعت نفل استخارہ پڑھیں ہر رکعت میں ایک بار الحمد شریف تین بار قل شریف پڑھیں اور سلام پھیرنے کے بعد تین سو بار پڑھ کر اپنے بستر پر سو جائیں۔محبوب آپ کے پہلو میں ہوگا۔

"کلام برائے جن بھوت پریت وغیرہ"

درج ذیل کلمات کی تین تسبیح گیارہ دن بعد از نماز عشاء پڑھیں اور اللہ کے واسطے ڈیڑھ روپیہ کی روزانہ نیاز دیں

لا الہ دعا کی اللہ کنول ۴ کی

محمد الرسول اللہ پنہاوے پوشا کی

"سوا بدلنے کی کلام"

داہنی پسلی عورت پر کلام مذکورہ شہادت کی انگلی سے بغیر سیاہی لکھیں۔ یا تعویز مذکورہ کا لکھ کر پسلی پر رکھوائیں۔ یہ کام چالیس یوم کے اندر اندر ماہواری بند ہونے بعد کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فرزند نرینہ ہوگا۔

سیت مائی حذ اہلن محمدؐ۔

"جھاڑ سانپ اور دافع حق کیلئے"

دو کلام درج ہیں۔ پہلی کلام کو تین دفعہ صبح ہونے سے پہلے تین جمعرات پڑھیں جمعہ کے دن ۱۲ بجے دوپہر کو دوسری کلام کو کسی مٹی کے برتن میں تیل ڈال کر تین دفعہ پڑھ کر اپنے سینے پر پھونکیں اور تیل میں منہ کو دیکھیں اور پھر سات قسم کی مٹھائی تیل والے برتن میں ڈال کر اس برتن کو چوراستے پر جہاں کلام پڑھی گئی ہو چھوڑ کر چلے جائیں۔ اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ پہلی کلام سانپ کے جھاڑ کے لیے ہے نیم کی ٹہنی لیکر جھاڑ کریں اور منکا لکڑی اور ایک چولہے کی مٹی گھول کر مارگزیدہ کو پلائیں۔ رسنہ سالم کوٹ کر کھلائیں۔ خون چلتا ہوا بند ہو جائے گا۔

جس عورت کے بچے بچے گر جاتے ہوں۔ یا پیدا ہو کر مر جاتے ہوں۔ تو کچھ کوئلے روشن کر کے ان میں گوگل ڈال کر گائے کی ہڈی ہاتھ میں پکڑ کر چنا کے ساتھ جھاڑ دیں۔ جن، بھوت، چڑیل والے کی بال چوٹی پکڑ کر دوسری کلام پڑھتے ہیں۔ ہڈی ہاتھ میں رکھیں۔ کوئلہ اور گوگل کو جلائیں عمل پورا نہیں ہوگا کہ جن چلاتے ہوئے بھاگ جائے گا۔

(۱) واسا نظر ے کلام میری واہ واہ گگا تیری کلام چلے میرا منتر ہر سپ اٹھوئیں تے چلے اکبتر۔ بہتر سے تیری میں کلام گگا میں پڑھا۔ میری زبان سے آوے میرا ستاوے دے ستے نال دھن دھن گگا تیریاں ڈھیریاں گگا وہڑیاں کوئی پیلیاں گگا روہڑیاں آیاں دھوڑاں دھمدیاں کالی مائی

تیرا وار کدے نہ جائے خالی۔ ستے دیویاں ستے بھوتنے ستے چڑیلاں۔ جناں سلیمان پیغمبر تیری کلام۔

(ii) چل توں جلال توں کرتری کمال توں آئی بلا ٹال توں جے کھبے پاسے نال توں کھسے کہاں او تھے فیض پہنچائی تو۔

"جن لوگوں پر چوری کا شبہ ہو"

درود شریف ۷ بار سورۃ مزمل ایک دفعہ۔ آیت الکرسی ۵ دفعہ سورۃ الم نشرح لک ۷ دفعہ۔ سورۃ والضحیٰ ۷ بار پڑھ کر مشکوک لوگوں کے ناموں کی علیحدہ علیحدہ پرچیاں بنائیں اور چک کی مٹی میں ان کو علیحدہ علیحدہ لپیٹ کر پانی میں ڈالیں چور کا نام مٹی سے چھٹکارا پر آجاویگا۔

(۱) "سگ دیوانہ کا زہر دور کرنا"

ایک چھٹانک گھی تین دن کھلائیں۔ اور درج ذیل کلمات پر روغن گائے سہ بار دم کر کے کھلائیں۔ زہر سگ دیوانہ دور ہو جائے گا

بسم اللہ شافی بسم اللہ کافی۔ بسم اللہ معافی۔ بسم اللہ خیر الاسماء بسم اللہ رب الارض ورب السماء۔ بسم اللہ الذی لا یضرمع اسمہ شیئی فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم۔

پلانے کا تعویز

درم	ہو	دی	لعول	وک	ادی	ع ع	

"(۲) مولا جو گیا بس پاکے نہ چھوئے آپو آپ جھوئے"

کمہاروں کی چک کی مٹی لے کر گولی بنا کر اور زخم پر پھیریں ڈیڑھ سیر گڑ لے کر تین حصہ کریں ایک حصہ ارواح بایزید بسطامیؒ اور ایک حصہ خدا واسطے دیں ایک اور حصہ اپنے پاس رکھیں اور ڈھائی روپیہ نیاز دیں۔

"جن بھوت کے سایہ کے دفعیہ کیلئے"

جن بھوت سایہ کے دفعیہ کے لیے درج ذیل کلمات تین بار پڑھیں اور اللہ اکبر کہہ کر عصا زمین پر ماریں۔ سایہ ختم ہو جائے گا۔

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا بَكْتَا مَلَكِ الْجَيْشِ وَ الْمَغْرِبِ وَ الْعَجَمِ بِحَقِّ اَبُوكَ بِحَقِّ رَبِّ اَبُوكَ بِحَقِّ اِبْنِ اَبُوكَ عَبْتَاخُ الْمَلَكُ اِبْنُوكَ جَهُوشًا اَخُوكَ نَجِيٌّ نَجِيٌّ كَرْشَتْ كَرْشَتْ سَاعَتًا سَاعَتًا كَهُوْلَتًا كَهُوْلَتًا خَتَمَ خَتَمَ عَجَلُ عَجَلُ يَا بَكْتَا نُوشْ يَا بَكْتَا نُوشْ

"جنات کے دفعیہ کے لیے"

کھوہ کی پانی سے وضو کر کے تین بار درود شریف ایک بار الحمد شریف ایک دفعہ آیت الکرسی اور سورۃ جن ابتداء سے کذالک تک پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کے منہ اور تمام بدن پر چھڑکیں اور گیارہ دفعہ قل شریف پڑھ کر مریض کے گرد حصار کھینچیں جن بھاگ جائے گا۔


"مسخرات کے لیے"

ہر فرض نماز کے بعد ۷ دفعہ یا سبوح یا قدوس یا غفور یا ودود یا حافظ یا حفیظ یا رقیب یا وکیل یا اللہ یا اللہ یا محمد یا محمد یا علی یا علی یا علی

دو مرتبہ صلی اللہ محمد رب العالمین پڑھیں۔ اول و آخر آیت الکرسی و ھو العلی العظیم تک سات سات بار پڑھیں اور یا مقلب القلوب قلوب الخلائق اجب علیا کی دو تسبیح وظیفہ کریں۔ جن مسخر ہو جائے گا

☆ آسیب زدہ کے گھر جاتے وقت سورۃ انا اعطینک الکوثر ۷ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ اور جب مریض کے گھر پہنچیں تو درج ذیل نقش مریض کے سامنے رکھیں۔ پھول چنبیلی یا عطر

وغیرہ کی خوشبو مریض کے ناک میں دیں خود علیہا سلیہا مرتعشے یا شافیہ یا کافیہ یا بدوح یا بدوح حاضر ہو پڑھتے جائیں جب جن حاضر ہو جائے تو مریض کے بالوں کو گانٹھ دے دیں اور جن سے بات چیت کریں سورۃ انا اعطیناک الکوثر پانی پر پڑھ کر مریض کو پلائیں اور چھینٹے منہ پر ماریں ۔جب جن جانے کے لیے کہے تو تین مرتبہ حضرت سلیمان بن داؤدؑ کی قسم لے کر رخصت کر دیویں۔قول اقرار ہونے پر گرہ کھول دیں اور یہ تعویز کھلا یا بند مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ اور یہ نقش پینے کے لیے بھی دیں۔



"رینگھن ہوا (ریگھل واؤ)"

درد شدید کو روکنے کے لیے اول و آخر درود شریف پڑھ کر فجر یا عشاء کی نماز کے ساتھ درج ذیل کلمات ایک تسبیح روزانہ ۳ یوم تک پڑھیں۔ بسم اللہ

اللہ میرے بادشاہ نبیؐ ہے وزیر علیؑ کام کردو دیوان دستگیر یار حیدر کرم کریا کریما کرم سخت دل کر نرم کر ظالم کو زیر کر دشمن کو رفع کر یا رسول اللہ یا رسول اللہ۔ جل توں جلال توں قدرت دی کمال توں رہا آئی بلانوی ٹال توں یا رسول اللہ یا رسول اللہ۔

مریض کی جوتی لیکر زمین پر ماریں اور بعد یا سور کا لفظ کہیں تاکہ درد بڑھ نہ سکے۔ جب تک مریض نہ آئے۔

"ام المصیبان"

سات کانے برابر کے لیں۔ ہر ایک پر درج ذیل کلمات کا دم کر کے پسلی پر پھیر کر دائیں پسلی کے نیچے رکھیں اور بعد میں کانوں کو دیکھیں کانے کی لمبائی بڑھ جائے تو بچ رہے گا۔

دھر کھانی دھر کھان کہاں کو چلے۔ پربت پہاڑ کو چلے۔ پربت پہاڑ جا کر کی کر پنکھے رکھ کٹیں گے۔ رکھ کٹ کر کیا کریں گے۔ اس کے کوئلے کریں گے۔ کوئلے کر کے کیا کریں گے۔ ساگر سمندر میں پھینکیں گے سمندر دے وچ کاں۔ کاں دے پیٹ وچ ڈوا۔ ڈوا گھنے کا نا دوھے۔ ویکھاں پھیرا اس تیرے منتر کا تماشہ۔

محمد شبیر قادری

"جدائی"

رائی یعنی اریوں جو سرخ رنگ کی ہوتی ہے اور مرگھٹ کی راکھ لیکر دونوں شخصوں کے درمیان ڈالیں اتفاق جاتا رہے گا۔

"ایک ادنیٰ اسمزاد کے حصول کے لیے عمل"

(۱) ایک آئینہ لے کر اس میں مسلسل دیکھیں۔ اپنے تصور کو اس قدر پختہ کر لیں کہ یوقت ضرورت سامنے آجائے (قاعدہ یہ ہے کہ پانچ منٹ بڑے غور سے اپنا پورا چہرہ دیکھنے کے بعد اور پانچ منٹ اپنی آنکھیں بند کر کے چہرہ تصور سامنے لائیں۔) چالیس روز تک روزانہ سات گھنٹے تسلسل سے مشق کریں۔

اس عمل کے بعد گ آپ جس شخص کی پیشانی کی طرف دیکھیں گے آپ کو اس کے کل موجودہ اور گذشتہ حالات معلوم ہو جائیں گے۔ جو باتیں دل میں پیدا ہوں گی۔ وہ سب صحیح ہوں گی۔ یہ عمل ایک طرح کی روشن ضمیری پیدا کرتا ہے۔

(۲) شب کو سوتے وقت درج ذیل کلمات اکیس مرتبہ پڑھیں۔ رات کو کسی سے بات نہ کریں۔ طلوع آفتاب اور غروب آفتاب کے وقت آفتاب کی طرف منہ کر کے اکیس مرتبہ اکیس مرتبہ پڑھیں۔

اوتمانہ راین آیند اسمزاد سوہا گروی بجگت

اکیس روز کے جس شخص کا تصور کر کے جو بات کہے گا وہی اس کے خواب میں آجائے گی۔

زکواۃ کے بعد بھی اکیس روز تک پڑھا جائے تو بہت مجرب ہے۔ اس عمل میں پرہیز کی خاص ضرورت ہے جماع اور گوشت خوری سے بالکل پرہیز کریں۔ کسی عورت کرنا جائز خواب دکھانا جائز نہیں۔

محمد شبیر قادری

"نونکے تپ کے لیے"

بخار خواہ کسی قسم کا ہو۔ دور کرنے کے لیے اس عزیمت کو لکھ کر مریض کے گلے میں دھاگے پر دم کر کے باندھنے کے لیے دیں یا رکابی پر لکھ کر پینے سے بخار کا نام و نشان تک نہ رہے گا۔ اس کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ چالیس یوم تک چالیس مرتبہ روزانہ پڑھا کریں۔۔

بخار اترنے کے بعد حضرت شمس تبریز کی نیاز ضرور دیں۔ عمل یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الٰہی بحرمت حضرت شمس الدین تبریزی۔ ایں تپ بخاری بگریزی والا تہ۔ دو گوہر قاضی رشوتی گرفتار شوی لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم"

"حاجت روائی اور دیدار پیر کے لیے صلوٰۃ الاسرار"

جمعرات کے دن نہا دھو کر خوشبو لگا کر دو رکعت نماز صلوٰۃ الاسرار نماز مغرب کے بعد اس نیت کے ساتھ پڑھیں۔ نویت ان اصلی اللہ تعالیٰ رکعتین صلوٰۃ الاسرار تو صلاً الی اللہ واقطعا عما سوی اللہ۔

ہر رکعت میں گیارہ بار سورۃ اخلاص پڑھیں اور سلام کے بعد عراق کی طرف حضرت شیخ عبد القادر جیلانیؒ کے روضہ مبارک کے استقبال کی نیت سے گیارہ قدم چلیں ہر قدم پر شیخ پر اس طرح سلام پڑھا جائے۔ السلام علیک یا سلطان الاوتاد۔ السلام علیک یا سلطان الابدال۔ السلام علیک یا سلطان الاقطاب۔ السلام علیک یا غوث الاعظم۔ السلام علیک یا بازی الاشہب۔ السلام علیک یا فقیر۔ السلام علیک یا مسکین۔ السلام علیک یا غریب۔ السلام علیک یا شیخ۔ السلام علیک یا ولی۔ السلام علیک یا شیخ۔ السلام علیک یا سیدنا و مولانا۔ ابا محمدؐ محی الدین عبد القادر جیلانی۔

اسی طریقہ سے واپس لوٹ کر ایک جلسہ کی صورت میں بیٹھ جائیں۔ درود شریف بھیجنے کے بعد درج ذیل رباعی کو ایک ہزار ایک سو گیارہ بار پڑھیں۔ رباعی یہ ہے۔

أیدرکني ضیحاً أنیٖ نخیرتی — و أظلم في الدنیا و أنت نصیرتی —
فعار علیٰ حلمي الحیی وھو قادر — اذا صناع في البیدا عقیل بصیرتی۔

حضرت پیران قدس سرہ العزیز کی روح مبارک ظاہر ہو کر اس کی حاجت کا جواب باصواب دے گی۔

"برائے دفع رنج"

☆ اگر کوئی ایسے رنج میں مبتلا ہو کہ کسی علاج سے دفع نہ ہو تو جمعہ کے دن عصر کی نماز پڑھ کر غروب آفتاب تک یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم تنہائی میں ورد کرنے سے رنج سے نجات پائے گا۔ مجرب ہے۔

☆ دشمن کے سامنے یا سبوح یا قدوس یا غفور، کا ورد کیا جائے تو دشمن مغلوب ہو جائے گا۔

"برائے ویرانی و خرابی"

مہینے کے آخری بدھ کو یہ آیتیں لکھ کر دفن کر دی جائیں تو وہ بستی بستی جگہ کھنڈر بن جائے گی اجازت ضروری ہے۔

ھوالذی اخرج الذین کفروا من اھل الکتاب من دیارھم لاول الحشر ما ظننتم ان یخرجوا وظنوا انھم مانعتھم حصونھم من اللہ فاتھم اللہ من حیث لم یحتسبوا وقذف فی قلوبھم الرعب یخربون بیوتھم بایدیھم وایدی المومنین فاعتبروا یا اولی الابصار وقطعنا ما ذکروا بہ فتحنا علیھم ابواب کل شیئ حتی اذا فرحوا بما اوتوا اخذناھم بغتۃ فاذا ھم مبلسون فقطع دابر القوم الذین ظلموا والحمد للہ رب العالمین۔

"برائے تکلیف دشمنان"

جو کوئی درمیان فرض نماز کے الم ترکیف اکتالیس بار اور یا سماء اکتالیس بار پڑھے گا۔ دشمن کو ایسا رنج پہنچے گا جس سے یہ خوش ہو گا۔ دعا یہ ہے۔

القادر المقتدر القاھر علی کل جبار عنید ناصر الحق حیث کان یا حول والقوۃ ان کانت الا بہ فاذا ھم خامدون ○۔

"حاجات کے لیے"

حاجت روائی کے لیے صبح کی نماز پڑھ کر کسی سے بات کئے بغیر ایک سو بار لاحول

ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم یاحی یاقدیم یاقائم یافرد یاوتر یاالعد یاصمد پڑھا جائے تو حاجت پوری ہو گی۔

"برائے عافیت بیمار"

مریض پر آعوذ بعزۃ اللہ وقدرتہ من شر ما اجد واحاذر پڑھنے سے شفا ہو گی۔

"بچھو اور سانپ کے کاٹے کا علاج"

بچھو اور سانپ کے کاٹے پر قل یاایھا الکفرون اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھ کر تھوک یہ طریقہ رسول اللہ سے مروی ہے۔

"جنگ پر جانے کی دعا"

لڑائی کے میدان میں سورۃ اذا زلزلۃ الارض پڑھ کر دونوں ہاتھ زمین پر ماریں اور تھوڑی خاک اٹھا کر دشمن کی طرف پھینکیں اور اپنے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے پڑھیں۔ واضرب لھم طریقا فی البحر یبسا لا تخاف درکا ولا تخشی ○ وجعلنا من بین ایدیھم سدا ومن خلفھم سدا فاغشیھم فھم لا یبصرون ○ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر غالب رہے گا۔ اور فتح یاب ہو گا۔ اور یہ عمل بڑے اسرار میں سے ہے۔

☆ اگر ایک مٹھی خاک پر یہ آیت اور حروف پڑھ کر دشمن کی طرف پھینکے جائیں تو اسے شکست ہو گی۔ یحزم الجمع ویولون الدبر ا ب ج د ہ و ز ح ط۔

"برائے شر بد" محمد شیر بخش قادری

نظر بد کے خاتمہ کے لیے۔ وان یکاد الذین کفروا لیزلقونک بابصارھم لما سمعوا الذکر ویقولون انہ ومھو الا ذکر للعلمین پڑھیں۔

"برائے امن خانہ"

۔اس آیت کو پچیس بار روز پڑھنے سے مال اور گھر میں امان رہیگی۔

استغفر اللّٰہ العظیم الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم الذی لا یموت و اتوب الیہ

"برائے تالیف قلوب"

تالیف قلوب کے لیے جمعہ کی شب کو آدھی رات کے وقت یہ آیت تیس بار پڑھیں۔

فان تولوا فقل حسبی اللّٰہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت ھو رب العرش العظیم ○ اور آخر میں اللّٰھم انت ربی و حسبی علی فلان بن فلاں او فلان بنت فلاں و اعطف قلبہ او قلبھا علی و ذللہ او ذللھا۔

"برائے الفت"

دو شخصوں کے دل میں الفت پیدا ہونے کے لیے پہلے طالب کا نام پھر مطلوب کا نام لکھیں اور دونوں ناموں کے درمیان لفظ محبت لکھ کر تکسیر کریں اور نقشہ پر کر کے ایک سیسے کے ٹکڑے پر لکھ کر کسی جگہ دفن کر دیں مراد حاصل ہوگی۔ بڑا پراسرار عمل ہے۔

"برائے محبت"

ان آیتوں کے عدد نکال کر طالب اور مطلوب کا نام لکھ کر اپنے پاس رکھیں محبت ہو جائے گی

والف بین قلوبھم لو انفقت ما فی الارض جمیعا ما الفت بین قلوبھم ولکن اللہ الف بینھم انہ عزیز حکیم ○ عسی اللہ ان یجعل بینکم و بین الذین عادیتم منھم مودۃ و اللہ قدیر ○ و الہ غفور رحیم ○ ومن الناس یتخذ من دون اللہ انداد یحبونھم کحب اللہ و الذین منو اشد حبا للہ ○ متذکرہ پوری آیت کے اعداد ۳۸۳۳ اپنے نام اور مطلوب کے نام اور ان تین آیتوں کی تکسیر کر کے اپنے پاس رکھیں الفت پیدا

ہوگی۔

"برائے قضائے حاجت"

روزانہ بعد از نماز فجر کے سورۃ مزمل کو اس طرح پڑھیں اور اس سورۃ میں چار جگہ پر آنے والی ان تین آیات کو تین تین بار پڑھیں۔ پہلا رب المشرق و لا مغرب لا الہ الا ھو فاتخذہ وکیلا ○ دوسرا و اللہ یقدر الیل و النہار تیرا یتھفون من فضل اللہ ط ، چوتھا واستغفر اللہ ان اللہ غفور رحیم ○ عمل پورے ہوتے ہی حاجات پوری ہوگی۔

☆ حصول مراد کے لیے تین دم تک اس رقعہ کو لکھ کر پاک کنکر لیکر اس پر پیٹ کر کسی کنوئیں یا بہتے پانی میں اپنی مراد کے لیے یا دوسرے کی مراد کے حصول کیلئے ڈالیں مراد حاصل ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ مِنَ الْعَبْدِ الذَّلِیْلِ الْمُفْلِسِ الْمُعْتَرِفِ بِذُنُوْبِہٖ فُلَانِ بْنُ فُلَانٍ (اس جگہ پر نام لکھیں) اِلَی الْمَلِکِ الْکَبِیْرِ الْجَبَّارِ الْقَھَّارِ الْغَفَّارِ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ اَللّٰھُمَّ ادْفَعْ عَنِّیْ کُلَّ ھَمٍّ وَ غَمٍّ کَمَا تَشَاءُ وَاکْفِنِیْ شَرَّ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ (اس جگہ اس شخص کا نام لکھیں جس سے نقصان پہنچا ہے) اَنْ کَانَ شَخْصًا وَّاحِدًا وَ اَنْ کَانُوْ جَمَاعَتَہٗ بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ وَصَلَّی اللّٰھُمَّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ جَمِیْعِیْنَ ○

محمد شبیر قادری

"برائے کشائش رزق"

ہر روز سو بار لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ○ پڑھنے سے رزق میں کشادگی ہو جاتی ہے۔

"وظیفہ برائے درازی عمر"

ہر فرض نماز کے بعد سُبْحَانَ مَنْ لَا یَعْلَمُ قَدْرَہٗ غَیْرُہٗ وَلَا یَبْلُغُ الْوَصِفُوْنَ صِفَتَہٗ۔ پڑھنے سے عمر دراز ہوگی۔

"برائے روائے حاجات دینوی"

☆ حاجب براری کے لیے ستر مرتبہ درج ذیل دعا کو رات کے وقت روئے قبلہ بیٹھ کر پڑھیں۔

یَا حَیُّ یَا حَلِیْمُ یَا عَزِیْزُ یَا کَرِیْمُ اس سخت کام کو آسان کر بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝

"ہر مشکل و مصیبت کے واسطے"

☆ سورہ یٰسین کو اکتالیس مرتبہ روزانہ بدھ سے جمعہ تین دن پڑھیں۔ وحدت مکان اور وحدت زمان اس میں شرط ہے۔ پڑھتے وقت اپنے سر کو زمین سے نہ اٹھائیں۔ عمل ختم ہونے پر اس طرح دعا مانگی جائے

الٰہی بحرمت حضرت محمد الرسول ﷺ اور برکت خواجگان چشت میری مشکل حل فرما۔

"ہر درد و زخم کے لیے"

صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ سات دفعہ پڑھ کر دم کریں۔ ہر قسم کے درد اور زخم کو آرام آجائے گا۔

"برائے دم بچھو یا انھواں"

☆ درج ذیل کلمات کا چھری سے جھاڑ کریں چھری کا منہ ڈنگ کی طرف ہو۔ جب زہر اتر جائے تو چھری زمین میں دبا کر تھوڑی دیر بعد نکال لیں۔ اور ڈنگ والی جگہ کو گرم پانی سے دھولیں

اللہ دھروئی آ

اللہ دے حبیب کی دھروی آ

حضرت دو جہان داوالی دھروئی آ

چار یار کبار بی جنت خاتوں دی دھروئی آ

فرعون شداد نمرود کی دھروئی آ۔

''مکان میں جادو یا آسیب''

(۱) مکان میں جادو۔ سحر یا جنات ہوں تو درج ذیل چار نام مکان کے چاروں کونوں میں لکھ دیں۔ ہر چیز کا اثر ختم ہو جائے گا۔

الٰہی بحرمت ابراھیم اللہ

الٰہی بحرمت ابراھیم آدھم

الٰہی بحرمت ابراھیم خواص

الٰہی بحرمت ابراھیم مخفی۔

(۲) گھر میں جادو یا تعویزات کا اثر ہو تو مکان کے چار کونوں میں اصحاب الکھف کا لفظ لکھ دیں اثر دور ہو جائے گا۔

''گمشدہ کے لیے''

☆ بعد نماز عشاء ایک ہزار ایک سو مرتبہ بسم اللہ پڑھ کر سو جائیں۔ گمشدہ کے بارے میں خواب میں، تمام حال معلوم ہو جائے گا۔

''دافع فضول گوئی''

☆ بیہودہ گوئی کے عادی شخص کو درج ذیل تعویز لکھ کر گیارہ دن تک صبح شام پلائیں مرض

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

دور ہو جائے گا۔

۷۸۶

۴۴۶۶	۴۴۶۹	۴۴۷۲	۴۴۵۹
۴۴۷۱	۴۴۶۰	۴۴۶۵	۴۴۷۰
۴۴۶۱	۴۴۷۴	۴۴۶۷	۴۴۶۴
۴۴۶۸	۴۴۶۳	۴۴۲۶	۴۴۷۳

"بچے کے رونے کے لیے"

☆ بچہ بہت روتا ہو تو بعد از نماز عشاء سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص تین بار پڑھ کر دم کریں۔ بچہ رونے کی عادت چھوڑ دیگا۔

حُب

☆ عورت سے محبت کی صورت میں اسکی تصویر سامنے لا کر چہار قل شریف پڑھ کر پھونک ماریں اور درج ذیل تعویز لے کر محبوبہ کے گھر میں دفن کر دیں۔ محبوب آپ کے قبضہ میں ہوگا۔

۷۸۶

۷	۱۳	۱۲	۲
۴	۱۰	۱۵	۵
۱۴	۸	۱	۱۱
۹	۳	۶	۱۶

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/
محمد شبیر قادری

☆ درج ذیل نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں جلتے کا دل آپ پر فریفتہ ہو جائے گا۔

۷۸۶ بحرلھم

۳۷۲	۳۷۶	۳۷۹	۳۶۵
۳۷۸	۳۶۶	۳۷۱	۳۷۷
۳۶۷	۳۸۱	۳۷۴	۳۷۰
۳۷۵	۳۶۹	۳۶۸	۳۸۰

اشد حبا اللہ

کحب اللہ

والذین امنو

☆ درج ذیل نقش یا دو دسیاں بیوی دونوں میں محبت کمال کے لیے مجرب ہے۔

۷۸۶

۱۰	۲۱	۸
۴	۷	۹
۶	۱۱	۳

"حب"

☆ اگر کسی کو مہربان کرنا مقصود ہو یا کسی جابر ظالم کو مسخر کرنا ہو تو آیت ذیل کا تعویز بنا کر اوپر سیاہی لگا دیں۔ پھر موم چاروں طرف لگا کر زبان کے نیچے رکھیں جن مسخر کرنا ہو تو اس کے سامنے چلے جائیں مہربان ہو جائیگا۔ یا اس آیت کے اعداد نکال کر نقش مربع پر کریں اور اس پر طالب و مطلوب کا نام لکھ کر اور دھو کر مطلوب کو پلائیں تو وہ مطیع ہو جائیگا۔ اگر نقش اپنے بازو پر باندھیں تو لوگوں کے دل مسخر ہو جائیں آیت اور اس کا نقش یہ ہے۔

وتمت کلمة ربك صدقا وعدہ لا مبدل لکلماته وھو السمیع العلیم ٥ ۔ اس آیت شریف کے اعداد دو ہزار آٹھ سو چوبیس ہیں۔

۷۱۸	۷۲۱	۷۲۴	۷۱۱
۷۲۳	۷۱۲	۷۱۷	۷۲۲
۷۱۳	۷۲۶	۷۱۹	۷۱۶
۷۲۰	۷۱۵	۷۱۴	۷۲۵

"برائے اطفال"

☆ بچہ دودھ نہ پیتا ہو تو درج ذیل آیت لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیں وہ دودھ پینے لگ جائیگا۔

وَ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سَاحِرٍ ط وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى هوا ماما هو با اثر هو يا اَهِيَا اشراهيا۔

☆ کوئی بچہ دن رات روتا رہتا ہو تو درج ذیل نقش ہذا لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ رونا بند کر دے گا۔

۷۸۶

۷	۳۴	۱۳	۸
۱۷	۳۳	۳۱	۳۴
۱۷	۱۳۲	۷۱	۱۲۳
۴	۹	۹	۱۲

لایرون لیھا شمسا دلا زمھریرا

☆ روزانہ ایک دفعہ سورہ یٰسین اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف بہ نیت ادائیگی قرض پڑھیں قرض ادا ہو جائے گا۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/
محمد شبیر قادری

"برائے مارگزیدہ"

س-ل-ام ق و ل" م ن رب ال رح ؤم لکھ کر مارگزیدہ کے گلے میں ڈال باندھ دیں۔ بحکم شافی مطلق زہر اثر نہ کرے گا۔ اور مریض صحت یاب ہوگا۔ جس گھر سے سانپ نکلتے ہوں تو رات کو سوتے وقت گیارہ بار پڑھ کر چاروں طرف پھونکیں۔ انشاء اللہ وہاں سانپ نظر نہیں آئیگا۔ سلام" علیٰ ابلیاسین۔

"عمل برائے بخار"

وما محمدٌ الا رسول کو ایک پرچہ کاغذ پر لکھ کر مریض کے ماتھے پر چسپاں کر دیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے بخار نہ ہوگا۔ مگر اس عمل سے پہلے خیرات کرنی ضروری ہے۔

"عمل برائے مارگزیدہ"

آیۃ کریمہ اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ فَمَھِّلِ الْکٰفِرِیْنَ اَمْھِلْھُمْ اکتالیس بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اس پانی کے ساتھ ہاتھ تر کر کے بدن مارگزیدہ پر ملیں جلد آرام آجائے گا۔

"برائے زبان درازی"

پارہ اول- آیت صم بکم فھم لا یرجعون ۝ پانچ یا سات یا نو دفعہ پڑھ کر اس آدمی کی طرف پھونک دیا کریں زبان درازی سے باز آجائے گا۔

"آدھے سر کے درد کے لیے مجرب المجرب منتر"

☆ آدھے سر کا درد ہو تو سورہ کہف گیارہ بار روزانہ پڑھ کر دم کر کے پانی پئیں اور نوچندی جمعرات کو ایک سوم تبہ درج ذیل منتر پڑھ کر پھونکیں۔

بن میں جائے باندری جو آدھا پھل کھائے

کھڑے محمد بانگ دیں آدھی سیسی جائے

محبوب کو فی الفور تسخیر کرنے کے لیے درج ذیل منتر آزمودہ ہیں

(۱) تم جسے پیار کرتے ہو اس معشوق کی خیالی تصویر کو اپنے دل میں نقش کریں۔ اور ہر روز ڈیڑھ گھنٹہ تک تصور کی مشق رات کو سونے سے قبل کریں۔ جب مشق میں اتنی پختگی آجائے کہ خیالی تصویر کو جب جی چاہے اپنی آنکھوں کے سامنے لاسکو تو اس کو مخاطب کر کے با آواز بلند درج ذیل فقروں کو دہراتے رہیں۔

۱۔ تم میری ہو ہمیشہ کے لیے میری ہو کیونکہ میری روح کے ساتھ پیوست ہو چکی ہو۔

۲۔ جس طرح میں تمہارے لیے تڑپ رہا ہوں اسی طرح تم بھی مجھ سے ملنے کے لیے بے چین ہو۔

۳۔ میں تمہارے دل کو اپنی طرف کشش کر رہا ہوں۔

۴۔ تم میری طاقت سے مغلوب ہو چکی ہو اور خود بخود کھنچی ہوئی میری جانب آرہی ہو۔

۵۔ فلاں دن (چودھویں والے دن کا نام لیں) فلاں وقت جب میں اس راستہ سے گزروں تم خود بخود میری طرف نظر اٹھا کر دیکھو گی۔ اور زیر لب مسکرا دو گی۔

جب یہ مشق اچھی طرح پختہ ہو جائے تو معشوق کے سر کے سات بال حاصل کریں اور ان میں اپنے سر کے سات بال شامل کر لیں۔ اور ان پر اتوار کے دن آفتاب نکلتے وقت باوضو قبلہ رخ ہو کر محبوب کا تصور کرتے ہوئے اکیس مرتبہ یحبونھم کحب اللہ و الذین امنوا اشد حبا للہ پڑھ کر بالوں پر پھونک مار کر گرہ لگائیں۔ پھر ان گرہ دار بالوں کو کسی وزنی شے کے نیچے دبا دیں۔ پھر ان کو نکال کر اکیس مرتبہ منذکرہ آیت شریف پڑھ کے گرہ دیں اور پھر اسی طرح وزن کے نیچے دبا دیں اور مطلوب کے حال کے نگران رہیں۔ جس وقت دیکھیں کہ اثر شروع ہو گیا ہے۔ عمل بند کر دیں۔ لیکن بال اسی وزن کے نیچے رہنے دیں۔ جب مطلب حل

ہو جائے تب بالوں کو اس وزن سے نکال کر دریا یا نہر میں ڈال دیں اگر پندرہ دن تک کوئی اثر معلوم نہ ہو تو سولہویں دن سے بجائے تصور محبوب کے آیت بالا پڑھ کر یہ الفاظ بڑھا دیں،

اَللّٰھُمَّ اشدد قلب فلاں بن فلانتہ (نام طالب معہ والدہ) علی حب فلاں بن فلانتہ (نام طالب معہ والدہ) صرف ۶ دن پڑھیں۔ کل اکیس دن مکمل ہوں گے۔ مطلوب بے قرار ہو جائے گا۔

(۲) تصور کی مشق سے ابتداء کرو اور پختگی ہو جانے پر متذکرہ طلسمی فقروں کو قمری مہینے کی پہلی تاریخ سے روزانہ ایک گھنٹہ پڑھتے رہیں۔ چودھویں کے دن منہ اندھیرے کسی شخص سے آنکھیں چار کئے بغیر جس رخ کے نتھنے سے سانس کی آمد و رفت جاری ہو کی طرف والا قدم پہلے اٹھا کر اس مقام پر پہنچیں جہاں چھوئی موئی کا پودا ہو اس پودے کے دائیں بائیں سات مرتبہ طواف کر کے جس طرف کی سانس جاری ہو اس طرف کا گھٹنا اوپر اٹھا لیں اور اپنے ہاتھ کو گھٹنے کے نیچے گزار کر چھوئی موئی کی ایک یا دو شاخوں کو یہ کہتے ہوئے توڑیں کہ (مائی لا جونتی لئے تو جاتا ہوں لیکن میری لاج تیرے ہاتھ ہے) شاخیں اتار کر اپنی جھولی میں ڈال لیں۔ اور درختوں کے سایہ سے بچتے ہوئے سیدھے گھر پہنچیں پھر کسی کنواری لڑکی یا معصوم بچے سے کانسی کے برتن میں پتوں کو مسل مسل کر رس نکلوائیں۔ اور آنکھوں میں ڈال کر اپنا بنا لیں۔

(۳) اگر بیوی ناراض ہو کر میکے چلی جائے اور واپس آنے کی کوئی صورت باقی نہ رہے یا پھر معشوق انتہائی سنگدل ہو تو بیوی یا محبوبہ کی تصویر حاصل کریں۔ چاند گرہن سے ایک گھنٹہ پہلے غسل کر کے صاف ستھرے کپڑے پہن کر ایک علیحدہ کمرے میں تنہا بیٹھ جائیں۔ کمرے کی روشنی مدھم اور سامنے پانی سے بھرا ہوا ٹب ہونا چاہیے ایک طرف لکڑی کی چوکی طشتری میں ۷ عدد الائچی سبز رکھیں۔ جب چاند گرہن میں چلا جائے تو معشوق کی عکسی تصویر سے مخاطب ہو کر کہیں کہ

۱۔ تم میری ہو پاک دل اور پاک ارادہ کے ساتھ تمہیں اپنی جانب کشش کر رہا ہوں۔

۲۔محبت کے سامنے دوری کا سوال ایک مہمل لفظ ہے۔تم سات پردوں کے پیچھے چھپی ہوئی بھی مجھ سے محبت کرنے کے لیے بیتاب ہو رہی ہو۔

۳۔دنیا کی کوئی طاقت تمہیں اس کشش سے باز نہیں رکھ سکتی تو دانستہ یا نادانستہ خود بخود کھنچی چلی آؤ گی۔

۴۔مجھ سے ملاقات کیے بغیر تمہیں کسی پہلو چین نہیں پڑے گا۔کیونکہ تمہارا دل میری مٹھی میں ہے پھر پانی میں جھانکیں محبوبہ کا پانی میں عکس دکھائی دے گا جیسے ہی عکس ابھرے الائچیوں پر پھونک مار کر پڑھیں،

"الائچی کھانے کی دیر ہے پھر تمہاری دنیا بدل جائے گی۔تمہارا جذبہ محبت میرے لیے خود بخود پیدا ہوگا۔تم مجھے آپ سے آپ چاہنے لگو گی اور تمہیں میرے دیکھے بنا کسی پہلو قرار نہ آئے گا۔"

جب تک چاند گرہن میں رہے تصور نہیں ٹوٹنا چاہئے طلسمی فقروں میں بار بار دہرانا چاہیے چاند گرہن ختم ہونے پر معشوقہ کو پہلی الائچی کھلانے پر ہی تمہارا مطلب پورا ہو جائے گا۔عمل کرتے وقت تمہارے دونوں نتھنوں سے یکساں سانس آنی چاہیے۔جب تک چاند گہن میں رہے تمہارے دل میں معشوقہ کے علاوہ کوئی دوسرا خیال پیدا نہیں ہونا چاہیے۔

(۴)پورنماشی کی رات ہو اور معشوقہ گہری نیند سوئی ہو آپ اس کے قریب جا کر اپنے داہنے ہاتھ کی انگلی کے پوٹے اس کی کن پٹی پر رکھ کر کانا پھوسی کے انداز میں کہیں

۱۔صبح بیدار ہونے پر تم اپنے دل میں میرے لیے جذبہ محبت محسوس کرو گی۔

۲۔تم آئندہ میرے حکم سے سرتابی نہ کر سکو گی۔اور تم وہی کرو گی جو میں چاہوں گا۔

۳۔تمہارا گپت من میرے قابو میں ہے اس لیے خواہش کرنے پر بھی میری مرضی کے خلاف تم کوئی کام نہ کر سکو گی۔

۴۔دن نکلنے تک تمہارے خیالات کی دنیا میں حیرت انگیز تبدیلی رونما ہو گی تمہارے دل میں

میری محبت کا دریا امڈ آئے گا۔

۵۔تم میں ملاں کام کرنے کی بری عادت ہے اس سے تمہیں خود بخود نفرت پیدا ہو گی۔

دن نکلنے سے قبل معشوق مر جائے گی۔

(۵) اماوس کی رات جہاں عورت بیٹھ کر پیشاب کرے وہاں کی مٹی اس کے سر کے بال اور اسکے جسم سے چھوا ہوا کپڑا یا رومال لے کر ان تینوں چیزوں کو خاکستر کر لیں اور کورے کپڑے میں چار پوٹلی باندھ کر اپنے کمرے کے چاروں کونوں میں بالکل برہنہ اور باطہارت ہو کر گاڑ دیں۔ پھر سات عدد کاغذ کے ٹکڑے بصورت فلیتہ کاٹ لیں۔ اور ہر ایک فلیتہ پر معشوقہ کے نام کے حروف زعفران سے لکھیں پھر تازہ روئی کی سات عدد بتیاں بنا کر ایک بتی کے ساتھ کاغذ کا فتیلہ لپیٹ دیں اور کوری مٹی کے چراغ کے نیچے بیٹھ کر آنکھیں بند کر کے معشوق کو تصور میں لا کر سوچیں کہ معشوقہ کا دل تمہاری محبت میں بے تاب ہو گیا ہے وہ تمہارے لیے پاگل ہوئی جا رہی ہے۔ نیند اس کی آنکھوں سے کافور ہو چکی ہے وہ حیران ہے۔ ایک گھنٹہ تک انہیں خیالات کو دل میں کئی بار دہراتے رہیں پھر چراغ کو جلتا ہوا چھوڑ کر اسی حالت میں بستر پر دراز ہو جائیں سات ساتوں میں سابت فتیلے جلنے کے بعد وہ خود بخود بے تاب ہو کر آپ کے قدموں میں ہو گی۔ یہ عمل کرتے وقت چارپائی پر اس طریقہ سے سوئیں کہ تمہارا سر معشوقہ کے مکان کی طرف رہے۔ جس روز تنتر شروع کرنا ہو معشوقہ کے سامنے سے ایک بار ضرور گزریں۔ یہ تنتر دیوالی کی رات کو بھی کیا جا سکتا ہے اس صورت میں دیوالی کی رات سات فلیتے جدا جدا چراغوں میں ایک ساتھ جلائے جائیں۔ ایک رات میں ہی مطلب پورا ہو جائے گا۔

(۶) کسی کنواری لڑکی کے ہاتھ سے چھلکے اتروا کر پاؤ بھر چاول قبرستان کی تھوڑی سی قبر کی مٹی اور کسی بڑے تربوز کا نصف حصہ جس کو کنواری لڑکی نے اپنے ہاتھوں سے چیرا ہو اور جس کا چھلکا سایہ میں خشک کیا گیا ہو۔ تربوز کے نصف بیرونی حصہ کو کالی گائے کے گوبر اور قبر کی مٹی سے خوب

گاڑھا لیپ کریں پھر لکڑی یا پیتل کی دو ڈبیہ لیں جن میں ایک پر لفظ "محبت" اور دوسری پر جدائی لکھا ہو ان کے علاوہ کالی گائے کا آدھ کلو دودھ کچھ مٹی کا تیل ایک دیا سلائی کا بکس کچھ کوئلے لیپ اور پانی سے بھرا ہوا ایک لوٹا لے کر چاند گرہن سے ایک گھنٹہ پہلے اس پیپل کے درخت کے نیچے چلے جائیں جو آبادی سے دور بالکل سنسان جگہ میں واقع ہو۔

جب چاند گرہن شروع ہو تو آیۃ الکرسی ۷ بار پڑھ کر اپنے گرد حصار کھینچیں اور پیپل کی مٹی یا پتھروں کی مدد سے عارضی چولہا بنا کر کوئلوں کو اس چولہے پر رکھیں۔ اور مٹی کے تیل کے چند قطرے ان پر چھڑک کر دیا سلائی سے آگ لگائیں جب کوئلے سلگ جائیں اور ان میں سے شعلہ پیدا ہونا بند ہو جائے تو نصف تربوز کو جو ہانڈی کی مانند ہو گا چولہے کے اوپر رکھ کر اس میں گائے کا دودھ اور چاول ڈالیں پیپل کے درخت کی لکڑی کو بطور چمچ استعمال کریں اور دودھ کو ہلائیں نیچے دھیمی دھیمی آگ جلتی رہے اور کھیر پکتی رہے۔ جب تک چاند گرہن رہے یہ عمل جاری رہے۔ کئی خوفناک شکلیں تمہیں دکھائی دیں گی۔ جب کھیر پک کر تیار ہو جائے اور چاند گرہن بھی ختم ہو جائے تو تربوز کی ہنڈیا کو نہایت زور سے پیپل کے درخت کی جڑ میں ماریں کچھ چاول درخت کی جڑ کے ساتھ چمٹ جاویں گے۔ اور بقایا اس سے بکھر کر فرش زمین پر گر پڑیں گے۔

جو چاول درخت کی جڑ کے ساتھ چمٹ جاویں ان کو اٹھا کر محبت نام کی ڈبیہ میں بند کر لیں۔ اور نیچے گرنے ہوئے چاولوں کو یکجا کر کے جدائی نام کی ڈبیہ میں بند کر کے اپنے پاس محفوظ کر لیں جب چاند گرہن سے نکل آئے تو پیچھے مڑ کر دیکھے بغیر گھر آ جائیں۔ محبت کی ڈبیہ سے دو دانے چاول نکال کر باریک پیس لیں اور ان کے ساتھ اپنے محبوب کے بالوں اور ناخنوں کی راکھ نیز بدن کا میل اور اپنی مٹی یہ پانچوں چیز کسی مٹھائی میں رکھ کر نو چندی والے دن معشوق کو کھلائیں۔ سنگ دل سے سنگ دل محبوب بھی مطیع ہو جائے گا۔ جدائی نام کی ڈبیہ سے دو چاول لے کر باریک پیس کر جسے اپنے سے علیحدہ کرنا چاہتے ہو اس کو کسی چیز میں چاہے کسی دن کھلا دیں پھر

جیتے جی اس سے تمہارا ملاپ ناممکن ہو جائے گا۔

(۷) چاند گرہن سے سات دن قبل ٹھیک رات بارہ بجے معشوق کے جسم کا کپڑا اور مٹی کا برتن معہ ڈھکنا لے کر تنہا کسی پیپل کے درخت کے نیچے کھڑے ہو جائیں اور جوتے اتار کر با آواز کہیں "میاں پیپل میں اپنے محبوب کو (یہاں اس کا نام لو) تمہارے پاس چھوڑے جا رہا ہوں تم اس کے امین ہو اسے حفاظت تمام کے ساتھ اپنے پاس رکھنا سات دن کے بعد آ کر تم سے لے جاؤں گا۔ اور تمہاری نذر دے جاؤں گا یہ کہہ کر محبوب کے کپڑے کو مٹی کے برتن میں بند کر کے اوپر ڈھکنا رکھ دیں اور بطور احتیاط اس کے ڈھکنے کو کسی اور کپڑے کے ساتھ اوپر سے باندھ دیں۔ پیپل کے درخت کی جڑ میں مٹی کھود کر دفن کر دیں واپسی پر کسی شخص سے بات چیت نہ کریں۔

ساتویں دن جب چاند گہن میں چلا جائے تو دودھ کا برتن لے کر پیپل کے درخت کے نیچے چلے جائیں اور اسے مخاطب ہو کر کہیں" میاں پیپل حسب وعدہ اپنی امانت واپس لینے کے لیے آیا ہوں۔ میرے محبوب کو میرے حوالے کر دو اور یہ لو اپنی نذر اتنا کہہ کر اپنا دفنایا ہوا برتن نکال لیں اور دودھ کا برتن پیپل کی جڑ میں انڈیل دیں۔ تمہارے دل میں پیچھے مڑ کر دیکھنے کی بڑی خواہش پیدا ہو گی لیکن آپ نے پیچھے مڑ کر نہیں دیکھنا گھر آ کر تصور جاناں میں کھو جائیں۔ سویرے ساتھ کر اس کرتہ کو کھونٹی کے ساتھ ایسی جگہ پر ٹانگ دیں جہاں پر اٹھتے ہی سب سے پہلے تمہاری نگاہ اس پر پڑ سکے پھر دیکھو کہ نتھنے سے سانس کی آمد و رفت کدھر سے جاری ہے۔ جدھر سانس آتا جاتا ہو اسی طرف کی ہتھیلی کو چوم کر اوپر سے نیچے تک کرتہ کو مس کرتے ہوئے کہیں" تم میری ہو۔ تم میری ہو" سات دن کے اندر اندر تمہاری حسن کی دنیا تمہارے پاس ہو گی۔

(۸) عورت کے سر کے بال جو کنگھی کرنے میں گر گئے ہوں جلا کر خاکستر کر لیں اس راکھ کو پورنماشی کے دن سلوف دار چینی کے ساتھ ملا کر لعاب دہن سے لیپ کریں جب خشک ہو جائے تو خود بائیں پہلو میں اور عورت کو دائیں پہلو میں لٹائیں۔ دنیا کی مغرور ترین حسینہ بھی تمہاری بن

کر رہنے میں خوش قسمتی خیال کرے گی۔

(۹) پیر کے دن سوموار کو ایک گھنٹہ تک اس عمل کو شروع کر دیں ختم جا ہے کسی وقت ہو اس کی قید نہیں سورج نکلنے سے ایک گھنٹہ تک باوضو، پاکیزہ جگہ پر تنظیر ماحول میں محبوب کے گھر کی طرف منہ کر کے بسم اللہ پڑھ کر

وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَاءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ پڑھیں اور پھر اپنا اور مطلوب کا نام لینے کے بعد فاصبحتم بنعمته اخوانا پڑھیں۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں سات یوم کے اندر مطلوب کے دل میں جذبات محبت پیدا ہو جائیں گے۔

☆ یہ عمل جمعرات کی رات کو شروع کریں رات ساڑھے بارہ بجے غسل کریں اور لباس سرخ و سپید لباس پہنیں سرخ کپڑا پاس ہونا ضروری ہے آدھ گھنٹہ تک قبلہ رو ہو کر یا عزیز پڑھیں۔ درمیان میں صندل سرخ اور کافور سفید کا بخور کرتے جائیں۔ رات کے ایک بجے نماز تہجد پڑھیں اور باادب ہو کر درج ذیل نقش کو کاغذ پر لکھ کر سونے اور چاندی کے ورق میں لپیٹ لیں اور بخور کی دھونی دے کر موم جامہ کر کے چاندی کے تعویز میں منڈا کر اپنے پاس رکھیں۔ ۳۰ یوم کے اندر اندر خواہش پوری ہو گی۔ ۳۱ ویں دن اس نقش کو ہر صورت دریا یا کنویں میں ڈال دیں۔

(۱۰) سنیچر کے دن بعد دوپہر تقریباً ایک بجے دن بلی کی مونچھ کا ایک بال اور کبوتر کا ایک بازو لیں۔ دشمن کا نام معہ والدہ سیاہ روشنائی سے کاغذ پر لکھیں اور بال و پر دونوں اس کاغذ میں لپیٹ کر اس پر تین سو تیرہ مرتبہ بغیر بسم اللہ فجعلهم كعصف ماكول پڑھیں اور پھونک مار کر کسی ویرانے یا قبرستان میں دفن کر دیں دشمن زیر ہو جائے گا صرف ایک دن کا عمل ہے۔ یہی عمل جدائی کے لیے بھی مجرب ہے

"گمشدہ کیلئے"

شخص گم ہو گیا ہو یا بھاگ گیا ہو تو درج ذیل نقش معظم کو باطہارت کاغذ پر لکھ کر ایک دھاگے

میں باندھ کر اونچے درخت پر لٹکا دیں۔ گمشدہ شخص واپس آئے گا۔ نقش کے نیچے نام مفرور سمت والدہ کے نام کے لکھیے۔

۱۶۳	۱۶۱	۱۶۱
۱۵۸	۱۶۰	۱۶۲
۱۵۹	۱۶۴	۱۵۷

فلاں بن فلاں باز گردد

دشمن کے لیے

اگر کوئی دشمن ستاتا ہو اور تکلیف بے وجہ پہنچاتا ہو تو درج ذیل نقش ایک کاغذ پر لکھ کر دشمن اور اس کی والدہ کا نام لکھیں اور اس نقش کو بکری کے دل میں رکھ کر دل کو چاقو سے چیر لیں سات سوئیاں لے کر ہر سوئی پر سات سات مرتبہ سورۃ الم ترکیف پڑھ کر دل میں اس طرح گاڑیں کہ سوراخ بند ہو جائیں پھر اس دل کو پرانی قبر میں دفن کر دیں تین دن میں دشمن بیمار ہو جائے گا اور ظلم سے توبہ کرے گا۔ مجرب ہے خواہ مخواہ اپنے نفس یا نفع کی خاطر کسی کو ستانا منع ہے

یا عزرائیل

	۳۲۴	۳۲۷	۳۲۲
یا عزرائیل	۳۱۹	۳۲۱	۳۲۳
	۳۲۰	۳۲۵	۳۱۸

یا عزرائیل

"حب"

نیک ساعت میں غسل کر کے پاک کپڑے پہنیں اور خوشبو لگا کر پہلے اول و روز تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر سات مرتبہ یہ عمل پڑھیں اور میٹھی چیز پر دم پڑھ کر کسی کو کہتے ہوئے فلاں

بن فلاں محبت میں بے قرار ہو جائے مطلوب کو کھلا دیں خاص اثر ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یا سید، یا سید، یا سید یا اللہ یا اللہ یا اللہ۔ اِلٰہِیْ اِنَّ الْمَوَدَّۃَ وَ الْمَحَبَّۃَ بَیْنَ آدَمَ وَ حَوَّا وَ کَمَا بَیْنَ یُوْسُفَ وَ زُلَیْخَا وَ کَمَا بَیْنَ مُحَمَّدٍ وَ عَائِشَہ وَ بَیْنَ عَلِیٍّ فَاطِمَہ بِحَقِّ یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ آمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ وَ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَ بِحَقِّ طٰہٰ وَ یٰسٓ وَ جَمِیْعِ قُرْآنِ مَجِیْد۔

☆ تو چندی جمعرات آئے مغرب کو بعد از نماز سوا سیر شیرینی پر نذر سو کلاں قل ہو اللہ دے کر بچوں میں تقسیم کریں بعد سوتے وقت کھانے سے فارغ ہونے کے بعد غسل یا دھو کر کے اپنے منہ کے داہنے کلے میں تقریباً ۳ ماشہ خوشبودار چاول رکھیں اور کسی سے بات کیے بغیر قبلہ رو ہو کر سو جائیں۔ نماز فجر کے وقت اُگلے کردہ چاول منہ سے نکال کر دھوپ میں خشک کر لیں احتیاط کریں کسی کا سایہ نہ پڑنے دیں۔ ان چاولوں کو ایک ڈبیہ میں حفاظت سے رکھ لیں۔ جمعہ کی رات ساعت زہرہ میں صندل سفید اور عطر ملا کر بخور آگ پر روشن کرتے رہیں۔ اور اگیس روز تک مسلسل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ۝ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ

۱۱ مرتبہ پڑھیں اور کہیں کہ فلاں بنت فلاں کو میری محبت میں بے قرار کر، ہر مرتبہ مطلوب کا نام لے کر چاولوں پر پھونک مارتے جائیں۔ شخص کے لیے عمل کیا ہے ایک ایک کر کے سات چاول سات دن میں پانی میں ڈال کر کھلائیں مطلوب مطیع اور فرمانبردار ہوگا۔

(۱۷) چاند گرہن کے وقت جب چاند سیاہ ہو جائے تو سات مرتبہ درود شریف اور بسم اللہ شریف

پڑھ کر درج ذیل نقش زعفران کے ساتھ کاغذ کے ایک طرف تحریر کریں اور دوسری طرف والد کا نام لکھ کر آخر میں یہ جملہ زیادہ کریں۔ "یا عزیز اعززنی بعزتك یا ذوالجلال و الکرام"

سلام قولا من	سلام	سلام
رب الرحیم	علے المرسلین	علی الیاسین
سلام علی نوح	سلام	سلام
فی العالمین	علی موسی ہارون	علی ابراہیم
سلام حتی حتی	سلام علیکم	مبین مبین مبین
مطلع الفجر	فادخلوھا خالدین	مبین مبین مبین آمین

اس نقش کو سونے کے دونوں ورقوں کے درمیان رکھ کر تعویز بنالیں، ورقوں کی حفاظت کے لیے اور باریک کاغذ نیچے لگائیں اور سرخ ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر اپنے بازو پر باندھیں یا گلے میں پہن لیں تسخیر عام ہوگی، اور نفع پہنچے گا۔

طلسمی فالنامہ

ایک روحانی استخارہ ہے دنیا کے کسی کام میں آپ کو تشویش ہے اور آپ فیصلہ نہیں کر پاتے ذیل کے نقشے پر آنکھیں بند کر کے انگلی رکھیں جس حرف پر انگلی پڑے اس حرف کو چھوڑ کر آگے کے حرف سے چار چار حرف چھوڑتے ہوئے پانچواں حرف لکھتے جائیں۔ جب یہ نقش ختم ہو جائے تو جو ایک یا دو حرف باقی رہیں۔ ان کو جدول اول حروف میں شامل کر کے اسی طرح پانچواں حرف لکھتے جائیں یہاں تک کہ اس حرف پر آجائیں جس پر انگلی پڑی تھی اب حروف جوڑ کر عبارت بنائیں جواب صاف برآمد ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

ت	ک	ا	ی	ا	م	س	س	ہ	س
ی	ی	م	ف	م	ہ	ک	ی	ک	ی
ک	و	ن	ر	ن	ا	ش	ف	خ	ن
م	ر	ا	ل	ف	ج	ی	ہ	ط	ع
ل	ک	و	ہ	ض	و	ن	ہ	ے	ر
ش	ک	ت	ا	و	ا	ر	ر	و	س
و	و	ض	م	ہ	ع	خ	ر	ی	ے
ک	و	و	ن	ک	ی	و	ہ	س	گ
ب	و	ل	ی	و	خ	پ	ی	ر	ش
ک	و	ک	ن	ش	م	ز	ن	ق	ا
خ	ا	ج	س	و	و	ف	ن	ا	ر
ا	ا	و	ن	ا	ن	ہ	ر	ہ	ج
ف	و	ن	ے	ت	ع	ہ	ک	چ	ی
ہ	ہ	ی	چ	ا	و	و	ب	و	ظ
گ	گ	ع	ز	ہ	ا	ا	و	و	و

''عمل کیمیا''

کیمیا کے طالب متلاشی بکثرت پائے جاتے ہیں۔ مگر لفظ کیمیا آج تک شرمت و معنی نہ ہوا ایک اچ کی کسر ہمیشہ سے باقی رہی۔ اور شاید قیامت تک باقی رہے کیمیا کے متعلق دو گروہ پائے جاتے ہیں۔ ایک وہ جو کیمیا کو مکمل مانتے ہیں دوسرے جو ناممکن بتاتے ہیں آیئے آپ کو ایک آسان گر بتاتے ہیں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

پارہ ۱۳ رکوع سورہ رعد میں سجدہ سے بعد اور نصف سے قبل کی آیت اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً سے یَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ تک کو کسی زیر و زبر کی غلطی کے بغیر پہلے ۳۲ دن تک روزانہ ۳۰۴۹ مرتبہ اور نو دن تک 3048 مرتبہ پڑھیں۔ اس طرح سے اکتالیس دن میں اس آیت کا سوا لاکھ بار روزانہ عمل کرنے کے بعد اسی جگہ سو جائیں احتیاط یہ ہے کہ یہ عمل ایسے وقت میں نہ کریں کہ نماز صبح کا وقت ہو جائے۔ دوران عمل کوئی نماز قضا نہیں ہونی چاہئے اور نہ ہی کوئی غیر شرعی عمل واقع ہو۔ قلم دوات اور کاغذ پاس رکھیں اور جیسے ہی اکتالیس روز کے درمیان عالم بیداری یا خواب میں کوئی بزرگ کیمیا کا نسخہ بتائیں اسے فوراً لکھ لیں۔ جب وہ بزرگ نسخہ بتائیں تو آپ یہ ضرورت دریافت کریں کہ یہ نسخہ چاندی بنانے کا ہے یا سونے کا اور روزانہ کس قدر بنا سکتا ہوں۔

طلسمی تنتر

☆ منگل کے روز بنولے یعنی کپاس کا بیج نکال کر مرے ہوئے سانپ کے منہ میں ڈالیں اور دوسرے روز اسے زمین میں بو دیں جب اس سے درخت تیار ہو اور اس میں روئی پیدا ہو تو اس روئی سے بتی بناؤ اور رات کے وقت ارنڈی کے تیل کے چراغ میں اس بتی کو جلائیں۔ جس گھر میں اس بتی کو جلائیں گے اس میں سانپ ہی سانپ نظر آئیں گے۔

☆ اتوار کے روز بنولے کا بیج مرے ہوئے بچھو کے منہ میں ڈال کر اور دوسرے روز اس بیج کو اس کے منہ سے نکال کر زمین میں گاڑ دیں۔ اس سے جو پودا نکلے اس کی حفاظت کریں۔ جب اس میں روئی پیدا ہو تو اس سے بتی بنائیں اور رات کو ارنڈ کے تیل کے چراغ میں اس بتی کو جلائیں گھر بچھوؤں سے بھرا نظر آئے گا۔

☆ منگل کے روز کسی نیولے کو مار کر اس کے منہ میں کپاس کا بیج ڈال دیں اور دوسرے روز بیج کو نکال کر زمین میں گاڑ دیں اس سے پودا اگے گا۔ جب اس میں روئی پیدا ہو تو اس سے بتی

بنائیں اور اس بتی کو ارنڈی کے تیل میں رات کو جلائیں اس گھر میں نیولے ہی نیولے دکھائی دیں گے۔

☆ منگل کے روز پرند کو مار کر اس کے سر میں گھی ڈال کر چراغ میں جلائیں اور اس چراغ سے کاجل بنائیں اس کاجل کے آنکھوں میں لگانے سے تمہیں رات کی تاریکی میں بھی حروف لکھے ہوئے نظر آئیں گے۔

☆ سرسوں کے تیل میں اکولے کا بیج ڈالیں اور اس تیل کو سات دن دھوپ دکھا کر حفاظت سے رکھیں، اگر کمل کے تیل کو اس تیل سے تر کر کے تالاب میں ڈالا جائے تو اس سے اسی وقت کنول کا پودا تیار ہو جائے گا۔ اس طلسمی تیل میں آم کی گٹھلی تر کر کے رکھ دیں۔ اس گٹھلی کو زمین میں گاڑ کر پانی دے دیں تو اسی وقت آم کا پودا نکل آئے گا اور پھول بھی دینے لگے گا۔

☆ ارنڈ کے تیل میں الو پرند کی بیٹ حل کر کے اس تیل کا ایک قطرہ جس انسان پر ڈالیں گے وہ لوگوں کو نظر نہ آئے گا۔

☆ چراغ کی بتی میں شنگرف لپیٹ کر گائے کے گھی سے چراغ روشن کریں روشنی ہوتے ہی سارا کمرہ سرخ نظر آنے لگے گا۔ شنگرف کی بجائے بتی میں بیر بہوٹی کا سفوف لپیٹ کر بھی چراغ روشن کیا جائے تب بھی مکان سرخ نظر آئے گا۔

☆ صاف ستھری روئی کی بتی بنا کر نیل کا باریک سفوف اوپر لپیٹ دیں پھر چراغ میں بید انجیر کا تیل ڈال کر بتی کو روشن کریں کمرہ سیاہ نظر آئے گا۔

☆ ہڑتال زنگار کو ایک کپڑے میں لپیٹ کر بتی بنائیں اور چراغ میں تیل ڈال کر اس بتی کو روشن کر دیں مکان ہرا ہرا دکھائی دینے لگے گا۔

☆ پھٹکری، سانبھر نمک، مرغی کے انڈے کا چھلکا، پارہ، افیم، کتیرا، یہ تمام چیزیں برابر وزن لے کر پیس لیں، جس جگہ لیپ کریں گے آگ پر رکھنے سے جسم کا یہ حصہ نہیں جلے گا۔

☆ کیلے کی جڑ، دھتورہ اور مینڈک کی چربی کو ایک برتن میں پیس کر لیپ بنائیے اور اسے پاؤں کے تلوے میں لگا کر آگ پر چلئے آگ تلوہ کو جلا نہیں سکے گی۔

☆ پہلے شکر کا شربت پئیں اس کے بعد اچھی طرح ناگر چبا کر منہ میں جلتا ہوا لوہا رکھئے منہ کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔ پیپل، مرچ، اور سونٹھ اچھی طرح دیر تک چبائیں اس کے بعد منہ میں آگ رکھیں منہ نہیں جلے گا۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/
محمد شبیر قادری



محمد شبیر قادری

ہماری دیگر مطبوعات



www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
محمد شبیر قادری

شاہد پبلشرز

چوبرجی سنٹر ملتان روڈ لاہور فون ۷۳۱۹۹۶۳

Web www.shahidpublications.0catch.com

E-mail shahidpublications@hotmail.com